9954-گرہن کی نماز کے لیے "الصلاۃ جامعۃ" کے الفاظ کے ساتھ اعلان کرنا

سوال

حدیث میں وارد ہے کہ گرہن کی نماز کے لیے "الصلاۃ جامعۃ" کے الفاظ سے اعلان کیا جاتا تھا، تو کیا یہ ایک بار کہا جائیگا؟ یا کہ اس میں تکرار مشروع ہے، اور تکرار کی مقدار کیا ہے، ہمیں فتوی دیکر عند اللہ ماجور ہوں؟

پسندیدہ جواب

ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گرہن کی نماز کے لیے "الصلاۃ جامعۃ" کے الفاظ کے ساتھ اعلان کرنے کا حکم دیا، اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے.

اور اعلان کرنے والے کے لیے سنت یہ ہے کہ وہ اعلان تکرار کے ساتھ کرے حتی کہ اس کا خیال ہو کہ لوگوں نے اسے سن لیا ہے، ہمارے علم کے مطابق تو اس میں کوئی حد مقرر نہیں.

اللہ تعالی ہی توفیق نصیب کرنے والا ہے.